## قائدتحریک جناب الطاف حسین کی ہدایت پرایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا ہنگامی اجلاس

## کراچی اورسندھ کے دیگرساحلی علاقوں میں ممکنہ سمندری طوفان اورطوفانی بارشوں سے نمٹنے کیلئے حکمت عملی

## ساحلی علاقوں میں بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے حق پرست عوامی نمائندوں اورایم کیوایم کے متعلقہ زونوں کوالرٹ کردیا گیا

## عوام کسی بھی ہنگامی صورتحال کے حوالے سے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیروعزیزآباداورخدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفترواقع فیڈرل بی ایریاپررابطہ کریں،رابطہ کمیٹی کی اپیل

کراچی۔۔۔3جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پر کراچی اور سندھ کے دیگر ساحلی علاقوں میں ممکنہ سمندری طوفان اورطوفانی بارشوں سے نمٹنے کیلئے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کا ہنگامی اجلاس آج خورشید بیگم میموریل ہال عزیزآباد میں ہوا جس میں رابطہ کمیٹی کے ارکان نے شرکت کی۔اجلاس میں ممکنہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے مئوثر حکمت عملی طے کی گئی اور فیصلے کئے گئے۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ کراچی میں کسی بھی ہنگامی صورتحال اور ممکنہ طوفانی بارشوں سے عوام کوزیادہ سے زیادہ سہولیات کی فراہمی کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر،شہر کے مختلف علاقوں اورسرکاری ونجی اسپتالوں میں ایمرجنسی سینٹرز قائم کیے جائیں،ان ایمرجنسی سینٹرز میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینس ،رضا کار،حق پرست عوامی نمائندے اورایم کیوایم کے کارکنان کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تیار رہیں گے جبکہ سندھ کے دیگر ساحلی علاقوں میں بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے حق پرست عوامی نمائندوں اورایم کیوایم کے متعلقہ زونوں کوالرٹ کردیا گیا ہے۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ کسی بھی ہنگامی صورتحال کے حوالے سے ایم کیوایم کے مرکز نائن زیروعزیزآباد کے فون نمبر 36313690-021 اور 36329900-021 اورخدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفترواقع فیڈرل بی ایریا کے فون نمبر 36328464-021 پررابطہ کریں۔

## الطاف حسین نے ہمیشہ دکھی انسانیت کی خدمت کا درس دیا،رابطہ کمیٹی

## کنورخالد یونس اورسیف یارخان نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کا دورہ کرکے امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیا

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت وادی ہنزہ میں مصنوعی جھیل کے متاثرین کیلئے امدادی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری

کراچی۔۔۔3جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی ہدایت پرایم کیوایم کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت وادی ہنزہ میں بننے والی مصنوعی جھیل کے متاثرین کیلئے امدادی سرگرمیوں کا سلسلہ جاری ہے اوراس سلسلے میں مخیّر حضرات صنعت کار،تاجراورعوام خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مرکزی دفتر واقع فیڈرل بی ایریا میں قائم کیمپ میں اشیاء خوردونوش،ادویات اورنقدعطیات جمع کروائے جارہے ہیں۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنورخالد یونس اور سیف یارخان نے بدھ کی شام خدمت خلق فاؤنڈیشن میں مرکزی امدادی کیمپ کا دورہ کرکے امدادی سرگرمیوں کا جائزہ لیااوران پراطمینان اظہار کیااور کہا کہ قائدتحریک الطاف حسین نے ہمیشہ دکھی انسانیت کی خدمت کا درس دیا ہے اورایم کیوایم سیاست برائے خدمت پریقین رکھتی ہے یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم شروع دن سے بلاامتیاز رنگ ونسل دکھی انسانیت کی بے لوث عملی خدمت کررہی ہے۔انہوں نے امدادی سرگرمیوں میں مصروف کارکنان اورخدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاروں کوقائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے شاباش دی اورانہیں زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔واضح رہے کہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت وادی ہنزہ میں بننے والی مصنوعی جھیل کے متاثرین کیلئے لاکھوں روپے مالیت کا امدادی سامان وادی ہنزہ بھیجا جاچکا ہے۔

## سونے کا چمچہ منہ میں لیکر پیدا ہونے والے غریب کے مسائل کا ادراک نہیں کر سکتے، رابطہ کمیٹی

## آزاد کشمیر پونچھ زون میں جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

راولاکوٹ۔۔۔03جون2010ء

ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان کنورنوید جمیل اور شاہد لطیف نے کہا ہے کہ جو سیاستدان سونے کا چمچہ منہ میں لیکر پیدا ہوئے ہیں ان کو غریب عوام کے مسائل کا ادراک نہیں ہوسکتا، ایم کیوایم ملک کے 98 فیصد غریب عوام کی نمائندہ جماعت ہے جو ملک سے جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کر کے غریبوں کی حکمرانی قائم کرنا چاہتی ہے اور عوام کے درمیان سے پڑھے لکھے باصلاحت نوجوانوں کو منتخب کروا کر ملک کے ایوانوں میں بھیجتی رہی ہے، اب وقت آ گیا ہے کہ آزاد کشمیر کے عوام بھی سیاسی ٹھیکیداروں سے چھٹکارا حاصل کرنے کیلئے ایم کیوایم میں شامل ہو جائیں۔ان خیالات کا اظہار ایم کیوایم پونچھ زون کے جنرل ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا اجلاس میں سابق وزیر آزاد کشمیر طاہر کھوکھر، سابق ڈپٹی سپیکر قانون ساز اسمبلی محمد سلیم بٹ، ایم کیوایم پونچھ زون کے انچارج ملک عاشق اعوان اور دیگر بھی موجود تھے۔کنورنوید جمیل اور شاہد لطیف نے کہا کہ ایم کیوایم حقیقت پسندی وعملیت پسندی کے فلسفے پر عمل پیرا ہے اور یہ واحد جماعت ہے جس کے بانی وقائد جناب الطاف حسین کا کوئی بھائی، بہن یا عزیز رشتہ دار سرکاری اور جماعتی عہدوں پر فائز نہیں جبکہ اس کے برعکس دیگر جماعتوں میں صرف بہن بھائی، بیٹوں، بیٹیوں، سرمایہ داروں اور وڈیروں کو عہدے دیئے جاتے ہیں اور انہیں ٹکٹ دیکر نوازا جاتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم اسی فرسودہ نظام کے خاتمے کیلئے جدوجہد کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم موروثی سیاست کے خلاف ہے جہاں پارٹی ٹکٹ کروڑوں روپے میں فروخت نہیں کیے جاتے بلکہ پڑھے لکھے اور باصلاحت کارکنان کو میرٹ کی بنیاد پر دیئے جاتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ کشمیر کے عوام کو درپیش مسائل کے حل کیلئے کسی حکومت نے کوئی کام نہیں کیا ایم کیوایم آزاد کشمیر کے مسائل حل کرنے کیلئے انقلابی منشور لیکر میدان میں آئی ہے۔اجلاس سے حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالرشید گوڈیل اور صوبائی تنظیمی کمیٹی کے جوائنٹ انچارج اسلم آفریدی نے بھی خطاب کیا اور کہا کہ ہمارا نظریہ انسانیت کی خدمت ہے اور ہم سیاست برائے خدمت کر رہے ہیں۔کراچی سے شروع ہونے والی تحریک آزاد کشمیر سے ہوتے ہوئے گلگت بلتستان تک پہنچ گئی ہے پنجاب میں عوام نے جس انداز میں ایم کیوایم کو خوش آمدید کہا اس سے ثابت ہو گیا ہے کہ ملک بھر کے عوام فرسودہ جاگیردارانہ نظام اور موروثی سیاست سے تنگ آ چکے ہیں اور اقتدار کے ایوانوں میں غریب ومتوسطہ کی نمائندگی چاہتے ہیں۔

## ایم کیوایم حیدرآباد زون کے کارکن محمد شفیق انتقال کر گئے، الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔3جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد زون سیکٹر بی یونٹ A-12 کے کارکن محمد شفیق رضائے الٰہی سے انتقال کر گئے۔(انا اللہ وانا الیہ راجعون) مرحوم کی عمر 55 سال تھی وہ عارضہ قلب اور شوگر کے مرض میں مبتلا تھے اور گزشتہ کئی روز سے مقامی اسپتال میں زیر علاج تھے کہ بدھ کی شب ان کی طبیعت اچانک خراب ہوگئی اور ڈاکٹروں کی تمام تر کوششوں کے باوجود وہ جانبر نہ ہوسکے اور خالق حقیقی سے جاملے۔مرحوم کے پسماندگان میں دو بیٹیاں اور ایک بیٹا شامل ہیں۔مرحوم کو جمعرات کو بھٹی گوٹھ قبرستان میں سینکڑوں سوگواران کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان سپرد خاک کر دیا گیا، مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیوایم حیدرآباد زونل کمیٹی کے ارکان، سیکٹر ویونٹس کمیٹیوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے شرکت کی۔ دریں اثناء ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے حیدرآباد زون کے کارکن محمد شفیق کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔انہوں نے سوگواران سے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محمد شفیق کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل دے۔(آمین) علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے حیدرآباد زون یونٹ A-12 کے کارکن محمد شفیق اور ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 162 شعبہ خواتین کی رکن نجم السحر کے والد محمد امانت اللہ کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے اور مرحومین کی مغفرت، بلند درجات اور سوگواران کے صبر وجمیل کیلئے فاتحہ خوانی کی ہے۔

## ایم کیوایم شعبہ اطلاعات فوٹوسیکشن کے رکن انصاراحمد کے والد کے انتقال پر الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

لندن۔۔۔03 جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم شعبہ اطلاعات فوٹوسیکشن کے رکن انصاراحمد کے والد نثاراحمد کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے انصاراحمد سمیت مرحوم کے تمام سوگوار ارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی ہے اور کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل کی توفیق دے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اور شعبہ اطلاعات کے ارکان نے بھی فوٹوسیکشن کے رکن انصاراحمد سے ان کے والد کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت، بلند درجات اور سوگواران کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

## بحیرہ عرب میں اٹھنے والے طوفان اور شدید طوفانی بارشوں سے نمٹنے اور عوام کے جان ومال کے تحفظ کیلئے مثبت اقدامات کیے جائیں، اراکین سندھ اسمبلی حکومتی سطح پر کیے گئے اقدامات ناکافی ہیں،عوام میں شدید بے چینی اور خوف وہراس پایا جارہا ہے

کراچی۔۔۔03 جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین سندھ اسمبلی نے مطالبہ کیا ہے کہ بحیرہ عرب میں اٹھنے والے طوفان اوراس کے نتیجے میں صوبہ سندھ میں متوقع شدید طوفانی بارشوں سے نمٹنے کیلئے جنگی بنیادوں پر موثر اور مثبت اقدامات بروئے کار لائے جائیں اور سندھ میں ایمرجنسی نافذ کرکے نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ سیل کو فعال کیا جائے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ بحیرہ عرب میں اٹھنے والے طوفان سے سندھ کے ساحلی علاقوں کو شدید خطرات لاحق ہیں جبکہ عوام کے جان ومال کا تحفظ موجودہ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے۔انہوں نے کہا کہ محکمہ موسمیات نے پیشنگوئی کی ہے کہ ممکنہ سمندری طوفان اور طوفانی بارشوں سے کراچی سمیت سندھ کے ساحلی علاقوں کیٹی بندر، ٹھٹھہ، بدین اور سجاول سمیت دیگر ساحلی علاقوں میں شدید تباہی کا اندشہ ہے جس سے ان علاقوں کے عوام میں شدید بے چینی اور خوف پایا جارہا ہے۔حق پرست اراکین اسمبلی نے صدر آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان سید یوسف رضا گیلانی، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علیشاہ اورلوکل گورنمنٹ کے ذمہ داران سے مطالبہ کیا ہے کہ بحیرہ عرب میں اٹھنے والے طوفان اوراس کے نتیجے میں سندھ میں طوفانی بارشوں سے نمٹنے کیلئے ایمرجنسی نافذ کرکے تمام تر حکومتی مشینری اور اداروں کو الرٹ کیا جائے اورندی نالوں کی صفائی کا کام جنگی بنیادوں پر مکمل کیا جائے۔

☆☆☆☆☆